رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : تیس سال تک خلافت رہے گی اور اس کے بعد بادشاہت ہوگی : سلسلۂ احادیث صحیحہ ۱۳۹۸

خلافت اور کربلاء

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا دور

قاطع النواصب

مولانا اسحاق رح کے

خطبے سے ماخوذ

Notice

خطبہ مکمل نہیں ہے اور نہ ہی مکمل لفظ بہ لفظ ہے، کچھ کمی بیشی ہے اور کچھ اپنے الفاظ ہیں، البتہ حوالوں میں ان شاء اللہ کوئی غلطی یا کمی بیشی نہیں ہو گی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العالمين ، والصلاة والسلام على خاتم الأنبياء والمرسلين ، المبعوث رحمة للعالمين، محمد وعلى آله وصحبه أجمعين

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید الاولین والاخرین سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

واجب الاحترام سامعین کرام ہجری سن کاآخری مہینہ اور چند دن باقی ہیں اور نیاسال شروع ہونے والا ہے، اسلامی مہینوں میں سب سے پہلا مہینہ محرم الحرام کا ہے اور یہ مہینہ اپنے اندر ایسی یاد رکھتا ہے جس کے بارے میں عالم اسلام کے بڑے جلیل القدر فرزند فوت ہو گئے ، ایسی ہستیاں دنیا میں بہت کم پیدا ہوتی ہیں، اسلام کے داعی تھے پوری دنیا کا وزن محسوس کرتے تھے، سید ابوالحسن علی ندویؒ وہ اپنی کتاب المرتضٰی کے اندر لکھتے ہیں کہ اس واقعہ کے ساتھ مسلمانوں کے چہرے پر ذلت چھاگئی ہے ، ایسا برا سلوک کیا ہے مسلمانوں نے اولاد رسول ﷺ کے ساتھ ، کہ جس کو سن کہ ہر شخص مسلم ہو یا غیر مسلم یہ کہنے پر مجبور ہے کہ جو بھی ہو پیغمبر خدا کے کندھے پر سواری کرنے والا اور رسول اللہ ﷺ جس کو بوسہ دیتے تھے اس کے ساتھ یہ بدسلوکی ؟ اور قتل پر بس نہیں کیا ان کا سر مبارک کا گشت کروانا اور بال بچوں کو شہروں میں پھرانا ، ایک ایسا سمجھو برا کارنامہ مسلمانوں کے ہاتھوں ہوا جس کی وجہ سے سوائے شرمندگی اور رسوائی کے علاوہ ہمارے پاس کچھ نہیں۔

تو اس واقعہ کا وسیع پس منظر ہے یہ کوئی خواہ مخواہ ویسے نہیں ہوگیا ،بہت پیچھے سے بات شروع ہوئی ، مگر بدقسمتی یہ کہ لوگوں نے اسے دین کا حصہ نہ سمجھا۔ پڑھے لکھے لوگ بھی یہ سمجھتے ہیں کہ یار ! ایک بندہ حکومت میں آیا دوسرے نے پسند نہیں کیا ٹکرائے مارے گئے ، بات اتنی نہیں ہے ! اللہ کے رسول ﷺ نے حسینؓ کی شہادت کی خبر جو ہمیں دی ہیں اور شہادت کے بعد صحیح حدیثیں جن کا حضور ﷺ پر اثر ہوا اور ان چیزوں کو سامنے رکھا جائے تو جس طرح باقی دین ہے یہ بھی دین ہے۔ اللہ کے پیغمبر ﷺ نے خبر دی ہے اور یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ بلکہ ایک ایسا فرشتہ کہ جب سے زمیں اور آسمان بنے ہیں کبھی بھی نہیں آیا لیکن امام حسینؓ کی شہات کی اطلاع دینے حضور ﷺ کے پاس آیا یہ کوئی معمولی بات تھی ؟ مگر سیاسی جھگڑوں اور فرقہ ورانہ باتوں میں پڑ کہ کچھ لوگوں نے اسے کمائی کا ذریعہ بنالیا کہ رونا دھونا کرو اور مجلسیں کرو کماؤ۔ دوسروں نے شخصیتوں کا لحاظ کرکے کہ بڑے بڑے لوگ اس کے اندر آتے ہیں پردہ ڈالو بات کو سمجھنے کہ کوشش نہ کی۔

اور میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں جن لوگوں نے حسینؓ کا واقعہ نہیں سمجھا انہیں اسلام کہ سمجھ نہیں آئی۔ یہ صاف بات ہے۔

حسینؓ حسینؓ ہے؟ ایک آدمی کی بات ہے؟ اللہ کے رسول ﷺ اور نبی جس بات کو لے کر آئے وہ خلافت اسلامیہ کا قیام ہے وہ کوئی نماز روزہ نہیں ہے کہ ہم داڑھی رکھیں نماز پڑھیں روزہ رکھیں اور سمجھیں کا اسلام مکمل ہو گیا ہے۔ اللہ نے پیغمبر ﷺ کو جو کتاب دی ہے اس کو دنیا میں چلانا چاہتے ہیں ایک حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے اللہ تعالی نے سورہ حدید میں فرمایا میں نے کتاب بھی اتاری **وانزلنا الحدید** **آیت ۲۵** اور لوہا بھی اتارا یعنی پاور!! ۔ حکومت کے بغیر تو اسلام بالکل ایک یتیم ہے وہ وعظ و نصیحت ہے جس کی مرضی ہے مانے جس کی مرضی نہ مانے ، خلیفۃ المسلمین رسول اللہ کا نائب ہے ، وہ حکمران نہیں صرف کہ بجٹ بناؤ سرحدوں کی حفاظت کرو جنگیں لڑو ، اسنے وہ سارے فرض انجام دینے ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے اپنی زندگی میں سرانجام دیئے ، دین کی حفاظت کرنی ہے ، دین کے اندر اعلیٰ نمونہ ہوتا ہے ، نبی کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے ، وہ امام ہے دین کے اندر وہ امام ہے کہ ایسا بندہ جس کو دیکھ کے لوگ اپنا آپ درست کرے ، کہ خلیفۃ المسلمین جو کرے ساری امت کرے۔اس کے اندر ٹیڑھ آئی بالکل ساری عمارت ٹیڑھی ہو کر رہ جاتی ہے اور اس کا نتیجہ ہے ہم دن بدن اسلام سے دور ہو رہے ہیں اور آج تک رو رہے ہیں کہ ایسے حاکم ہم پر مسلط ہیں ، بدتر دن آیں گے !! کیونکہ جب یہ موڑ موڑا جا رہا تھا اس وقت بد قسمتی لوگوں نے فرزند رسول ﷺ کا ساتھ نہیں دیا ، اس وقت ساتھ دے دیتے ادھر ہی کام رک جاتا ، مگر چپ ہو گئے اس کے نتیجے میں ایک سے ایک بد معاش تخت پر آیا اور یہ بات ہی بن گئ ہے کہ کلمہ گو حاکم جو چاہے مرضی کرے چپ کر جاؤ ، دین کی تحریف ہو گئ۔

اس لئے حضرت حسینؓ کا واقعہ کہانی نہیں ، یہ اسلامی نظام قانون کو سمجھنے کے لئے ہے کہ شریعت کا قیام !! غلبہ اسلام !!! اور پوری دنیا پر اس کو قائم کرنا ہے ، وعظ و نصیحت نہیں قائم کرنا **لیظھرہ علی الدین کلہ** سورہ صف آیت ۹ یہ مسلمانوں کا فریضہ ہے۔

تا نخیزد بانگ حق از عالمی
گر مسلمانی نیاسائی دمی

علامہ اقبالؒ

ہمارے لئے چھٹی نہیں ہے۔ کہیں چھٹی نہیں ہے مسلمان کے لئے ، جب سے کلمہ پڑھا جب تک ساری دنیا پر اسلام کے جھنڈے نہیں لہراتے ہماری لئے آرام کرنے کی اجازت نہیں ہے ، ہماری نمازیں روزے سب منہ پر دے ماری جائیں گیں کہ اللہ کا دین پیروں تلے روندھا گیا اور کفار اپنی حکومتیں کرتے رہے؟ علامہ اقبالؒ نے بڑے پیارے انداز میں سمجھایا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا

ساری زمیں میرے لئے مسجد بنا دی گئ ہے : صحیح بخاری

ہم روتے بابری مسجد پر، اینٹوں کی عمارت پر روتے ہیں کہ ادھر کوئی کافر داخل ہوا قیامت آجاتی ہے۔ زمین ساری مسجد ہے!! اور وہ کافر سنبھالے پھرتے ہیں، ادھر ان کا قانون چل رہا ہے دنیا کی سپر پاور ہے، مسلمان ان کے پیروں تلے گرے ہیں۔ مسجد پر قبضہ ہے پوری زمین مسجد۔

الامان از گردش نہ آسمان

مسجد مومن بہ دست دیگران؟

توبہ توبہ یا اللہ ایسا دن دکھایا کہ مسلمانوں کی مسجد زمین!!! اور قبضہ کافروں کا، یہ نماز روزے میں لگے ہیں کہ تبلیغ کرو، حسینؓ کو سمجھیں گے تو تمہیں پتہ لگے گا نا، انہوں جان ویسے دی ہے؟ بڑھاپے کو پہنچا داڑھی میندی سے رنگی ہوئی حضور ﷺ کی گود میں کھیلا انہیں نہیں پتہ؟ بیس سال ہوگئے حکومت دوسرے ڈگر پر چل رہی ہے میرے پاس کونسی فوج ہے ہے؟ میرا باپ بے بس ہوگیا حسنؓ بے بس ہوگیا آج میرا ساتھ کس نے دینا ہے؟ مگر حالات اس نہج پر چل گئے کہ سوائے قربانی کے اور کوئی چارا نہیں، کہ تبدیلی نہیں ہو سکتی، اس تیز رفتار انجن کو روکا نہیں جاسکتا مگر مسلمان امت کے اندر یہ لو لگا دینی چاہئے کہ جو کچھ ہو رہا غیر آئینی ہے یہ اسلام نہیں!! کرتے رہیں!!! حکومت کر رہے ہم روک نہیں سکتے مگر مسلمانوں کے دلوں کے اندر یہ آگ لگی رہنی چاہئے کہ جب بھی موقع ملے ہمیں واپس لوٹنا ہے اور اسلامی حکومت قائم کرنی ہے، اسلامی!!! مسلمانوں کی نہیں، اسلامی!!! یہ وہ قیمتی سبق ہے جو امام حسینؓ نے دیا۔

علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں اس سے بڑے قیامت کونسے آنی ہے کہ مومن کی مسجد!!! اور قبضہ کافروں کا، ساری زمیں پہ اور جدھر جدھر ہمارے ملک ہیں ادھر بھی، ہمارے نہیں، حکومت وہ کر رہے ہیں، جو وہ اشارہ کرتے ہیں ہم کرتے ہیں۔

سخت کوشد بندہ پاکیزہ کیش

تا بگیرد مسجد مولای خویش

مسلمان جہاد کرتا ہے تبلیغ کرتا ہے کس لئے؟ دن رات کھپ رہا ہے طرح طرح سے، کہ مدرسے بناؤ کتاب شائع کرو، جہاد کرو تاکہ اپنے آقا کی مسجد کو کافر کے قبضے سے چھڑائی جائے، قبضہ کفار کا؟ ایک چپہ پر بھی اگر کافر کہیں حکومت کر رہا ہے اسلام ہمیں بیٹھنے کی اجازت نہیں دیتا۔ کہ رعایا بن کر رہیں حَتَّى يُعْطُواْ الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ سورہ توبہ آیت ۲۹ کافر مرنا چاہے بے شک مرے، ظلم نہیں کرنا گرجے بناؤ کرو اپنی پوجا پاٹ، ہم حفاظت کریں گے، ذمی!! گارنٹیڈ ہے!!! اسلام تمہیں ظمانت دے گا کہ تمہیں کچھ نہیں ہوگا مگر ہمارے زیر سایہ رہو امن کا نظام دیکھو تم بھی اسے دیکھو اچھا لگے مان لو اچھا نہ لگے نہ مانو، حکومت اسلامی ہو گا، اللہ کا نظام۔ سبق ہی بھول گیا اور اتنا بھولا کہ لوگوں کو یہ سیاسی بات نظر آتی ہے کہ توبہ توبہ چھوڑو یار، توبہ کرلو!!! باز آجاؤ، خدا کی قسم دین کو سمجھو کہ دین نام ہے غلبے کا، مغلوب

آدمی کا دین کوئی دین نہیں ہے اسی طرح اللہ تعالی نے جو لوگ کفار کے ملکوں میں جو کلمہ پڑھ رہ رہے تھے انہیں فرمایا یا ہجرت کرو یا ادھر انقلاب کے لئے کوشش کرو ورنہ تم لوگ منافق مروگے سورہ نساء ۹۷ کے اندر آیا جو صحابہ مکہ کے اندر مرے ہجرت نہیں کی جب ان کی جانیں قبض کرنے لئے فرشتے آئے انہیں مارا اور کہا فِيمَ كُنْتُمْ یہ کونسا اسلام ہے؟ مکہ خدا کا شہر ادھر خدا کا قانون نہیں چلے گا بیٹھے ہیں، كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ہم ادھر بے بس تھے۔فرشتوں نے کہا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا اللہ کی زمین تنگ ہو گئی تھی؟ نکل جاتے غاروں کی طرف نکل جاتے جنگلوں کی طرف نکل جاتے یہ بے غیرتی ہے کی جسے تم خدا کی کتاب سمجھتے ہو وہ الماریوں میں بند ہے اور بندے اپنے قانون چلا رہے ہیں؟

اس لئے لوگوں اسلامی حکومت اور خلافت کو سمجھنے کی فکر کرو کیونکہ اس کے بغیر دین نام کی کوئی شہ نہیں ہے۔ شرک اور توحید کو مسئلہ ہے۔ شرک سے کم نہیں کہ بندہ حکومت کرے ۔ فرعون نے تو منہ پہ کہا نا أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَىٰ سورہ نازعات ۲۵ حالانکہ وہ رب کیا ہے؟ حکمران ہے واقعی وہ بڑا حکمران تھا مصر کا غلط نہیں کہا مگر اس لئے طاغوت ہے کہ حکومت تو واقعی اللہ تعالی نے تجھے دی ہے اور مصر کا تو فرماں رواں اعلیٰ ہے ، جھوٹ نہیں بول رہا مگر تو رب کا ماتحت ہے ، اللہ نے تجھے امانت دی ہے اس کے حکم کے تحت کر!!! ادھر سرکش ہو گیا، گناہ یہ ہے ، ویسے تو عربی زبان میں رب حاکم وقت کو کہا جاتا ہے غلط نہیں ہے مگر جب آزاد ہو جاتا ہے خدا کے قانون سے پھر وہ طاغوت ہو جاتا ہے اپنی حد پار کر گیا کہ تو بندہ بن کے راج کر۔ بندہ جس وقت نہیں رہتا پھر وہ حکمران حکمران نہیں بت بن جاتا ہے اور جو لوگ اس کو مانتے ہیں وہ مجرم بن جاتے ہیں۔

کئی لوگ کہتے ہیں کلمہ کی کیا بات ہے یہ جو علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں کہ امام حسینؓ کلمہ کی بنیاد ہے۔او! کلمہ کو تمھیں پتہ ہوگا تو تم سمجھوگے نا۔ تم لوگ تو سمجھتے ہو کلمہ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ قبروں کی پوجو نہ کرو۔ تمیں یہ نہیں پتہ کو قبروں والے ہمارا تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ، وہ تو بے وقوف لوگ مانتے ہیں۔، یہ زندہ جو یزید اور فرعون ہے نہ ان کے پاس ہتھکڑیاں ہیں جیل ہیں پھانسیاں ، فوج اور لشکر ہیں ان کے پاس ، یہ اسی وقت آجائیں گے کہ چلو مولوی صاحب!!!۔اس لئے اس وجہ سے ہم ان کے سامنے ہاتھ جوڑ کر بیٹھے ہیں ، ان کی پوجا کر رہے ہیں۔اس لئے علامہ اقبالؒ نے فرمایا تو کیا سمجھتا ہے کہ حسینؓ کی موت عام بات ہے؟

بر زمین کربلا بارید و رفت

انہوں نے تو میدان کربلاء اندر

نقش الا اللہ بر صحرا نوشت

لاالٰہ اللہ لکھا ہے۔اس وقت اپنے خون کے ساتھ سمجھایا ہے کہ توحید خدا کے دین کو قائم کرنے کا نام ہے اگر کلمہ گو بھی اسلامی حکومت نہیں چلا رہا بت ہے۔ تم لوگ آرام سے بیٹھو ہو بالکل شرک ہے نماز روزوں کا کیا کرنا ہے۔

تو یہ پیچھے سمجھنا چاہئیے کہ اچانک کیسے ہو گیا کہ لوگ اتنے ڈھیٹ ہو گئے ، کہ امام حسینؓ جیسے بندے کو شہید کر دیا گیا اور انکا سر کاٹ کر پھرایا گیا اور امت اس طرح چپ ہو گئی کہ کوئی بولا ہی نہیں۔ یہ کیوں اتنا گونگا بنا دیا گیا؟ جب ہم دیکھتے کہ حضرت عمرؓ نے منبر پر کھڑے ہو کر کہا کہ اگر میں ٹیڑھا ہو گیا تو میرا کیا کرو گے؟ ایک ادنٰی آدمی نے کھڑے ہو کر تلوار لہرائی کہ اس کے ساتھ تجھے سیدھا کر دیں گے ، آپؓ نے کہا ہوش کے ساتھ بات کر تو کس کے سامنے کہہ رہا ہے ، صرف جنجھوڑا کہ امت کے اندر روح ہے کہ مر گئی۔ اس نے کہا پتہ ہے ہمیں تو خطاب کا بیٹا ہے تو اونٹ چراتا تھا دوپہر تک شام کو تیرا باپ ڈنڈا لے کر پھرتا تھا یہ اسلام کی برکت ہے کہ تو ہمارا حکمران ہے کسی غرور میں نہ آؤ، ٹیڑھا ہو گیا تو سیدھا کر دیں گے آپؓ نے فرمایا الحمد للہ۔ یہ سپرٹ کیوں ختم ہو گئی؟ لوگ کیوں چپ کر گئے؟

بہت دیر تک لوگوں کو چپ کرایا گیا ہے پیسے نے چپ کرایا ہے تلوار نے چپ کرایا ہے

اس امت پہ وہ ظلم ہوا ہے جس کے لئے حضور ﷺ نے فرمایا: خلافت کے بعد ملک عضوض ۔دیکھئیے صفحہ ۱۰ تا ۱۳ ، حدیثوں کے دفتر بھرے پڑے ہیں، کہ ظالم کیا کر رہے ہیں شیخ الحدیث اور دوسرے ، کہ یہ شیعہ سنی جنگ ہے؟ اللہ کے رسول ﷺ کے حدیث کے دفتر، کہ ظالم بادشاہت آجانی ہے

خلافت کے بعد ملک عضوض : فتح الباری شرح صحیح البخاری ابن حجرؒ المتوفی ۸۵۲ھ

خلافت راشدہ کے بعد کاٹ کھانے والی بادشاہت

الحديث ٤٣٥٩

فكان أحد ملوك اليمن وهو من حمير أيضا ، ولم
حديث الباب ، وكانا عزما على التوجه إلى المدينة
هاجرا فى زمن عمر .

قوله (لئن كان الذى تذكر من أمر صاحبك
« لقد مر على أجله » جواب لشرط مقدر ، أى إن
الكتب القديمة لأن اليمن كان أقام بها جماعة من اليه
فى قوله صلى الله عليه وسلم لمعاذ لما بعثه إلى اليمن
سمع من بعض القادمين من المدينة سرا ، أو أنه
الدال ، وقد تقدم تفسيره بأنه الملهم . قلت : وس
على ما أخبره به جرير من أحواله ، ولو كان ذلك م
الأولين خبر محض والثالث وقوع شيء فى النفس ع
جرير فى هذه القصة قال « قال لى حبر باليمن »

قوله (فأخبرت أبا بكر بحديثهم قال أفلا

قوله (فلما كان بعد الخ) لعل ذلك كان لما
له أن ذا الكلاع كان معه اثنا عشر ألف بيت مر
فقال ذو الكلاع : هم أحرار فأعتقهم فى ساعة وا
يستنفر أهل اليمن إلى الجهاد فرحل ذو الكلاع و
جميلا ، فكان إذا دخل مكة يتعمم . وشهد ص

قوله (تآمرتم) بمد الهمزة وتخفيف الميم أى تشاورتم ، أو بالقصر وتشديد الميم أى أمّرتم أميرا منكم عن رضا منكم أو عهد من الأول .

قوله (فإذا كانت) أى الإمارة **(بالسيف)** أى بالقهر والغلبة **(كانوا ملوكا)** أى الخلفاء ، وهذا دليل على ما قررته أن ذا عمرو كان له اطلاع على الأخبار من الكتب القديمة ، وإشارته بهذا الكلام تطابق الحديث الذى أخرجه أحمد وأصحاب السنن وصححه ابن حبان وغيره من حديث سفينة أن النبى صلى الله عليه وسلم قال « الخلافة بعدى ثلاثون سنة ثم تصير ملكا عضوضا » قال ابن التين : ما قاله ذو عمرو وذو الكلاع لا يكون إلا عن كتاب أو كهانة ، وما قاله ذو عمرو لا يكون إلا عن كتاب . قلت : ولا أدرى لم فرق بين المقالتين والاحتمال فيهما واحد ، بل المقالة الأخيرة يحتمل أن تكون من جهة التجربة

غَزْوَةُ سَيْفِ البَحْرِ

وهم يتلقَّون عيراً لقُريش ، وأميرُهم أبوعبيدة بن الجراح

[٤٣٦٠] ٤١٩١ – نا إسماعيلُ قال نا مالكٌ عن وَهب بن كَيسانَ عن جابر بن عبدالله أنه قال : بعثَ رسولُ

خلافت کے بعد ملک عضوض : مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح ملا علی قاری حنفیؒ المتوفی ۱۰۱۴ھ

فسيرى اختلا
جمال الدين
السببية، وثاني
يعش منكم بع
اعتقاداً غير ا
كثيراً يؤدي إل
بمعنى الزموا
يعملوا إلا بسن
أي الذين هدا
الله عنهم لأنه
الله وجهه، قال
لم يصلح أن ي
والفاروق وذو
أفضل الصحابة
والمناقب الس
عليهم بمنصب
أعلام الشرع ا
وثلاثة أشهر و
ثابت، فحمى
الفاروق لأن ا
ومغاربها وفتح
وحسن التدبير
وبسط أيدي بني
مدة اثنتي عشر
يقرؤون بقراآت
وجعل إماماً. ث

رسول الله ﷺ، فلو لم تقع الخلافة على الترتيب المذكور لحرم واحد من ذلك المنصب المشكور؛ ولا يخفى إن هذا من جملة معجزاته عليه الصلاة والسلام الدال على صدق نبوّته لأنه استبد بذكر هذا الغيب وقال: «الخلافة بعدي ثلاثون سنة ثم تكون ملكاً عضوضاً»[1] ووقع كما قال، قال التوربشتي: وأما ذكر سنتهم في مقابلة سنته لأنه علم أنهم لا يخطئون فيما يستخرجون من سنته، أو أن بعضها ما اشتهر إلا في زمانهم وليس المراد انتفاء الخلافة عن

ملک عضوض شدید ہوتا ہے جس میں آمریت اور تشدد ہوتا ہے

(١) الترمذي الحديث رقم (٢٢٢٦). وملك عضوض شديد فيه عسف وعنف.

خلافت کے بعد ملک عضوض : مجموع فتاوی ابن تیمیہؒ المتوفی ۷۲۸ ھ

خلافت کے بعد کاٹ کھانے والی بادشاہت

وفي السنن من حديث سفينة[١] عن النبي ﷺ أنه قال: «خلافة النبوة ثلاثون سنة ثم يصير مُلْكاً عَضُوضاً»[٢].

فالمحكى عن أبى حنيفة يقتضى أن قول الخلفاء الراشدين حجة وما يعلم لأهل المدينة عمل قديم على عهد الخلفاء الراشدين مخالف لسنة الرسول ـ صلى الله ـ تعالى ـ عليه وسلم.

والمرتبة الثالثة: إذا ت
وأحدهما يعمل به أهل ا
المدينة. ومذهب أبى حنيف

ولأصحاب أحمد وج
يرجح، والثانى ـ وهو ق
عن أحمد. ومن كلامه ق
على مذهب أهل / المدينة
على مذاهب أهل الحديث
وأبى ثور، ونحوهم من ف
الزهرى ونحوه. وأبو مص
بسنة، سنة اثنتين وأربعين
أهل الرأى، ويقول: إنهم

فهذه مذاهب جمهور ا

وأما المرتبة الرابعة: فهي
لا؟ فالذى عليه أئمة الناس
وغيرهم. وهو قول المحقق
كتابه «أصول الفقه» وغير
مالك، وربما جعله حجة ب
بل هم أهل تقليد.

مجموعة الفتاوى

لشيخ الإسلام

تقي الدين أحمد بن تيمية الحراني

المتوفى سنة ٧٢٨هـ

اعتنى بها وخرج أحاديثها

عامر الجزار — أنور الباز

الجزء العشرون

دار الوفاء

---

(١) اختلف فى اسمه، فقيل: م
سلمة زوج النبى ﷺ، كان
سفينة؛ لأنه كان معه فى سف
أشياء فقال النبى ﷺ له: «أنت
(٢) أبو داود فى السنة (٤٦٤٦) و

١٧١

۲۷۳

أُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ، لَيْسَ عَلَيْهَا عَذَابٌ فِي الْآخِرَةِ، عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا: اَلْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ۔

دوسری فصل

۵۳۷۴: ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' میری یہ اُمت' اُمتِ مرحومہ ہے (یعنی اس پر بالخصوص رحمت کی گئی ہے) آخرت میں اس پر شدید عذاب نہیں ہو گا' دنیا میں اس کا عذاب فتنے' زلزلے اور ناحق قتل ہے (ابوداؤد)

۵۳۷۵ - (۵)، ۵۳۷۶ - (۶) وَعَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: «إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ بَدَأَ نُبُوَّةً وَرَحْمَةً، ثُمَّ يَكُوْنُ خِلَافَةً وَرَحْمَةً، ثُمَّ مُلْكًا عَضُوْضًا، ثُمَّ كَائِنٌ جَبْرِيَّةً وَعُتُوًّا وَفَسَادًا فِي الْأَرْضِ، يَسْتَحِلُّوْنَ الْحَرِيْرَ وَالْفُرُوْجَ وَالْخُمُوْرَ، يُرْزَقُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ وَيُنْصَرُوْنَ، حَتّٰى يَلْقَوُا اللّٰهَ». رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ «شُعَبِ الْإِيْمَانِ»۔

۵۳۷۵، ۵۳۷۶: ابوعبیدہ اور مُعاذ بن جَبَل رضی اللہ عنہما رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں آپؐ نے فرمایا' بے شک دینِ اسلام کا آغاز نبوّت اور رحمت کے ساتھ ہوا بعد ازاں خلافت (نبوّت کے قائم مقام) ہو گی اور (اُمت پر) رحمت ہو گی۔ بعد ازاں بادشاہت ہو گی (جس میں) ظلم و تشدد ہو گا' پھر قہر اور تکبر ہو گا نیز زمین پر فسادات رونما ہوں گے۔ لوگ ریشمی کپڑے' عورت کی شرمگاہوں اور حرام مشروبات کو حلال گردانیں گے۔ باوجود ان (عیوب) کے انہیں رزق ملے گا اور ان کی مدد کی جائے گی یہاں تک کہ وہ اللہ سے جا ملیں گے (بیہقی شُعَبِ الْاِیْمَان)

وضاحت: اس حدیث میں رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پیش گوئی کا ذکر فرمایا ہے جو تاریخی لحاظ سے صحیح ثابت ہوئی ہے چنانچہ آپؐ کے بعد چاروں خلفاء کی خلافت صحیح ہے اور اس خلافت کا زمانہ تیس سال ہے اور حسن رضی اللہ عنہ پر خلافت کا خاتمہ ہوتا ہے' اس لحاظ سے معاویہؓ کو خلیفہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ معاویہؓ کا دور ظالمانہ بادشاہت کا دور ہے' یزید اور اس کے بعد آنے والے جبر و قہر کے ساتھ حکومت کرنے والوں میں شمار ہوتے ہیں۔ اشارتاً اس حدیث کا مضمون اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں مخفی ہے۔

(ترجمہ) "آپ اللہ تعالیٰ کو بے خبر خیال نہ کریں' جو کام ظالم کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ایسے دن تک ڈھیل دے رہا ہے جس میں ان کی آنکھیں پتھرا جائیں گی" تفصیل کے لئے دیکھیں (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ صفحہ ۱۰۳ - ۱۰۷)

۵۳۷۷ - (۷) وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: «إِنَّ أَوَّلَ مَا يُكْفَأُ۔ قَالَ زَيْدُ بْنُ يَحْيَى الرَّاوِيْ: يَعْنِي الْإِسْلَامَ۔ كَمَا يُكْفَأُ الْإِنَاءُ» يَعْنِي الْخَمْرَ۔

مشکاۃ المصابیح : ولی الدین الخطیب المتوفی ۷۴۱ ھ

، یہ ان کا دفاع کرتے ہیں کہ نہیں۔اور جھگڑا کیا ہے؟ فلانی شخصیت آتی ہے۔

میں اس پر تمہیدا دو چار باتیں عرض کروں گا کہ اس بڑا کوئی شرک نہیں ہے کہ فلاں آدمی اس کے اندر آتا اس لئے اس کا ذکر نہ کرو، یہ بے ایمانوں نے جرم چھپانے کے لئے ہمیں دھوکہ دیا کہ بہت عظیم شخصیت ہے یار حضور ﷺ کا صحابی ہے، کس دین نے کہا ہے کہ صحابی پر تنقید نہ کرو؟ قرآن و حدیث نے کہا ہے؟ آدمؑ سے بڑا ہے صحابی؟ نبی نہیں خدا کا؟ اللہ نے کہا اس گندم کے دانے قریب یا اس درخت کے قریب نہ جا! گیا! اللہ نے قرآن میں فرمایا وَعَصَىٰ آدَمُ رَبَّهُ فَغَوَىٰ سورہ طہ آیت ۱۲۱ آدم نے رب کی نافرمانی کی اور بھٹک گیا، اللہ نے کہا ظالم ہو گئے معافیاں مانگنی پڑی، قرآن نہیں ہے؟ ہر عالم نہیں سناتا؟ یہ آدمؑ کی توہین یا ان کی نبوت کا انکار ہے؟ خدا کے بندوں کیوں تم لوگوں نے مذاق بنایا ہوا ہے کہ وہ بندہ جو ہے اس کی بات نہ کرو، چھین لو کہ غلط کام ہوئے، چھپانے کا عجیب طریقہ ہے کہ نا!!! نا!!! ان کی تو بڑی شان ہے، او! شان کا کون منکر ہے؟ آدم کی شان کا کوئی منکر ہے؟ نبی ہے جنتی ہے مگر ان کا غلط کام جو ہے قرآن نے بیان کیا ہے، جگہ جگہ بیان کیا ہے۔ معافی مانگنی پڑیں۔

اس لئے کوئی دین ہمیں مجبور نہیں کرتا کہ کسی صحابی کی وجہ سے اس کے غلط کام نہ ذکر کرو، وہ غلطی ہے، وہ جنتی ہے شہید ہے حضور کا ساتھی ہے کوئی شک نہیں، وہ حدیثیں ٹھیک ہیں، آدمؑ کے بار میں شک ہے؟ نوحؑ کے بارے میں شک ہے؟ قرآن نہیں پڑھتے؟

إِنِّي أَعِظُكَ أَنْ تَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ سورہ ھود آیت ۴۶ بیٹے کے لئے دعا کی اللہ نے فرمایا میں تجھے ہدایت کرتا ہوں جاہلوں میں سے نہ ہو، اس وقت معافی مانگی اگر تو رحم نہیں کرے گا میں تباہ ہو جاؤں گا۔

ابراہیمؑ اللہ کے نزدیک خلیل ہے باپ کے لئے دعا کی، اللہ نے ٹوک دیا تیرے سارے کام ٹھیک ہیں یہ نہیں ٹھیک۔ کیوں مشرک باپ کے لئے دعا کی؟۔ س لئے قرآن لاؤ کہ تسبیح سوائے خدا کے کسی کی نہیں ہے۔ یہ یاد رکھو رسول اللہ ﷺ کو بھی ہم نہیں کہہ سکتے پیر مہر علی شاہؒ نے ٹھیک کہا کہ ظالموں!!! سبحان النبی نہیں کہہ سکتے!! سبحان اللہ ہی کہہ سکتے ہو۔ تسبیح اللہ نے اپنے لئے رکھی ہے کہ جدھر کوئی بھی ذرہ برابر ہم نہیں کہہ سکتے کہ یہ نہیں ٹھیک وہ صرف اللہ ہے۔ پیغمبروں کا معاملہ ہے تو انہیں علماء لغزش کہتے ہیں، خلاف اولی کہتے ہیں وہ ادب کی وجہ سے نرم کہتے ہیں بات تو وہی ہے کہ یہ کام نہیں کرنا چاہیئے تھا کیوں کیا؟

اللہ نے اپنے رسول ﷺ کو نہیں کہا یَا أَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ ۖ سورہ تحریم آیت ا جو اللہ نے تیرے لئے حلال کیا ہے اس کو اپنے اوپر کیوں حرام کیا؟ سورت اتری تحریم۔ منافقین کے بہانے سن کے آپ ﷺ نے اجازت دے دی سورہ توبہ کے اندر آیا عَفَا اللَّهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ سورہ توبہ ۴۳ اللہ تجھے معاف کرے آپ ﷺ نے کیوں اجازت دی؟ان کے بہانے نہیں سننے تھے۔ جانا تو پھر بھی نہیں انہوں نے

۔اس لئے سبحان صرف اللہ ہے، یہ شرک ہوگا کہ ہم کہیں کہ فلاں آدمی کی غلطی کیا بیاں نہ کرو یہ شرک ہے، بالکل تنقید کرو مگر تنقید اور سب وشتم میں فرق ہے، بے ادبی گالیاں بے وقوفی ہے۔، عام آدمی کو نہیں کہہ سکتے پھر اتنے بڑے لوگ ! پیغمبر ہیں یا صحابہ کرام ہیں اولیاء ہیں سب و شتم کون بے وقوف کرتا ہے؟ یہ تنقید یا پرکھنا جو ہے کہ یہ کام اس کا ٹھیک نہیں جس صحابی کو زنا ہو گیا آپ لوگ بیان نہیں کرتے ؟ جس نے شراب پی صحیح بخاری میں واقعات نہیں پڑتے ؟ کیا ڈرامہ ہے کہ حکمران کو تحفظ دے دو کہ ان کے غلط بھی ہوں بولو نہیں۔ یہ شرک کہ قسم ہے تمھیدا کہہ رہا ہوں واقعات آنے ہیں حدیث کی مدد سے اور کچی ایک بھی نکلی میں آگ لگا دوں گا، احادیث کے دفتر بھرے پڑے ہیں، کیوں امت کو نہیں سمجھاتے کہ کونسا پوائنٹ آیا جس کی وجہ سے موڑ مڑ گئے اور دن بدن پھر گرتے ہی چلے گئے۔ نہیں سیدھے رہے۔ یہ کوئی یزید کی بات نہیں یا حسینؓ کی وہ بندے دونوں چلے گئے مگر یہ دونوں علامت ہیں کہ اسلامی حکومت کے دفاع کے لئے جان دی ادھر ظالم حکمران مسلمانوں کا سربراہ بنا، اس لئے کوئی بھی ہو، میرے دور کا وہ بھی یزید ہے۔

اسلامی خلافت کے لئے دلوں میں قدر پیدا کرو۔ شریعت کے اندر جس طرح نماز روزہ کے ابواب ہیں اسی طرح صحیح بخاری میں ابواب الاحکام ہیں کہ حکومت کس طرح بنتی ہے کب تک ان کی بات ماننی ہے کب تک نہیں، وہ پھر حصے ہی ختم ہو گئے ان کا پڑھنا پڑھانا بند ہو گیا۔، اس لئے غلامی قبول کر لی کہ جو مرضی آئے کنجر۔ اس طرح حال ہے تو پھر روس آجائے دو سو سال تک انگریز کی طرح سلام کرینگے، یعنی وہ تصور نکل گیا کہ توحید یہ ہے کہ کسی بندے کو اپنے اوپر حکومت نہ کرنے دو خدا کا قانون حکومت کرے، وہ ذہنوں سے نکل گیا !!! اور بڑی محنت سے نکلی کہ یار مسلمان تو امن پسند آدمی ہے جو آئے اس کو سلام کرو، توبہ توبہ مسلمان ایسا ہے؟

نقش الا الله بر صحرا نوشت سطر عنوان نجات ما نوشت

اقبالؒ فرماتے ہیں کربلاء کو کربلاء نہ کہو !! کربلاء کی ریت پر حسینؓ کے خون نے لاالٰہ الااللہ لکھا ہے اور مسلمانوں کے نجات کی سطر لکھی ہے ۔کہ مسلمانوں ! اگر بہتری چاہتے ہو نہ تو ادھر آؤ !! جان دے دے مگر بے غیرتی کی زندگی نہ گزار۔ کیوں ہوا؟

ایک تو آدمؑ اور کچھ انبیاء علیہم السلام کا ذکر میں نے کیا تاکہ کچھ غلط فہمی دور ہو کہ پیغمبروں کی غلطیاں قرآن بیان کرتا ہے اور کوئی توہین نہیں سمجھا جاتا اور کوئی بے ایمان انہیں برا نہیں کہہ سکتا وہ نبی ہے خدا کا۔ مگر غلطیاں ! ! اللہ فرماتا ہے نہیں ! ! غلطی ہوئی اور دیکھو و کتنا برا نتیجہ نکلا، جنت سے نکلنا پڑ گیا۔ اس لئے غلط کام کا غلط نتیجہ نکلتا ہے چاہے بڑے سے بڑا ہو۔

جنگ احد کے اندر پچاس جو کھڑے تھے درے پر وہ کوئی چھوٹے لوگ تھے ؟ صحابہ کرام تھے مگر غلطی ہو گئی قرآن نے کہا **عصیتم الرسول** تم لوگوں نے رسول کی نافرمانی کی اللہ نے وعدہ پورا کر دیا تم لوگ جیت گئے قتل کر رہے تھے، مگر جب رسول کا حکم چھوڑا تو کیا نتیجہ نکلا؟ رسول کی نافرمانی کا نتیجہ یہ ہے کہ نبی علیہ السلام زخمی ہو گئے ستر صحابہ شہید ہو گئے بالکل نتیجہ الٹ نکلا زخمی ہو گئے سارے۔ اللہ نے سورہ آل عمران میں تبصرہ کیا ہے، لوگوں قرآن کی طرف آجاؤ ! ! ! یہ کہا ناکہ صحابہ کی باتیں چھوڑو، تو قرآن کو دریا برد کرو، قرآن بھرا ہے کہ جب غلطی ہوئی سورت اتری۔

جنگ احد کے اندر غلطی کی قرآن نے ڈٹ کے سورہ آل عمران میں کئی رکوع میں کہا کہ جو تم لوگوں نے کیا ہے اس کا صلہ ملا ہے، غلط کام کروگے کب اچھا نتیجہ نکلے گا؟ اور سورہ توبہ کے اندر اللہ نے فرمایا کہ غزوہ حنین کے موقع پر بعض صحابہ کے منہ سے نکلا گیا کہ جب ہم تھوڑے تھے اس وقت ہمیں کوئی ہرا نہ سکا اب کون ہرا سکتا ہے؟ اللہ نے فرمایا تمہاری کثرت نے تمہیں کوئی فائدہ دیا؟ بھاگنے کا راستہ نہیں ملا کدھر گئی تماری کثرت؟ تمہیں پتہ نہیں کہ مدد اللہ کرتا ہے۔ ٹوکا ! !۔ رسول کریم ﷺ خطبہ دے رہے تھے قافلہ تجارت کا آگیا صحابہ چلے گئے ۱۲ رہ گئے۔ قرآن پاک میں نہیں ہے؟ ہر جمعہ کو حضور بدل بدل کر پڑھتے تھے سورہ جمعہ **وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا** سورہ جمعہ آیت ۱۱ ڈرایا کہ کتنا غلط کیا کہ نبی وعظ کر رہا تھا اور تم سودے خریدنے بھاگ گئے۔ قرآن کے اندر ! !

اس لئے اللہ کی قسم یہ جھوٹے لوگ ہیں سارے گروہ جھوٹے ہیں کہ بات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے کہ غلطی کیا ہوئی جس کو درست کیا جائے انہوں نے نزاعی اور جھگڑے کی بات بنالی۔ برا بھلا کہنا نہیں ! ! ! اس پر لعنت جو برا بھلا کہے کم بختو ! ! ! نبیوں کو کوئی برا بھلا کہتا ہے؟ علیہم السلام قرآن میں ان کی غلطیاں۔ صرف اللہ یہ سمجھانا چاہتا ہے غلط کام کا کبھی اچھا نتیجہ نہیں نکلتا۔ قانون خداوندی کی پابندی کرو، جگہ جگہ اللہ نے بیان کیا ہے۔

بدری صحابی حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ دیکھیئے صفحہ ۷ نے جاسوسی کر دی رسول اللہ کا راز فتح مکہ، حضور چاہتے تھے کہ ادھر اس طرح پہنچے تاکہ جنگ نہ ہو خدا کا شہر ہے۔ چٹھی لکھ کر عورت کو دے دی کہ کہ کافروں کو بتا دے کہ حضور چڑھائی کرنے والے ہیں جاسوسی ! ! ! اور پکڑے گئے تو حضرت عمرؓ نے فرمایا اجازت دیں یا رسول اللہ ﷺ اس منافق کی گردن اتار دوں۔ سورہ ممتحنہ اتری کہ تم لوگ ایمان والے ہو کر کافروں کے ساتھ دوستیاں کرتے ہو؟

حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ کی جاسوسی کا واقعہ

اُسد الغابہ — 497 — جلد دوم

اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ عبیداللہ بن حمید بن زبیر بن حارث بن اسد کے غلام تھے انہوں نے ان کو مکاتب [1] کردیا تھا انہوں نے اپنا بدل کتابت فتح مکہ کے دن ادا کردیا۔ جنگ بدر میں شریک تھے۔ یہ موسیٰ بن عقبہ کا اور ابن اسحٰق کا قول ہے۔ حدیبیہ میں شریک تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے ایمان کی شہادت دی تھی اپنے اس قول میں یا ایھا الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی وعدو کم اولیاء. الآیہ (الممتحنہ:۱) ''اے ایمان والوں میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ''

اس سورت کے نزول کا سبب وہ ہے جو ہم سے اسماعیل بن عبیداللہ وغیرہ نے اپنی سند سے بیان کیا وہ محمد بن عیسیٰ سے نقل کرتے تھے کہ انہوں نے کہا ہمیں ابن ابی عمر نے خبر دی وہ کہتے تھے ہمیں سفیان نے عمرو بن دینار سے انہوں نے حسین بن محمد سے انہوں نے عبیداللہ بن ابی رافع سے نقل کر کے خبر دی وہ کہتے تھے میں نے علی بن ابی طالب ؓ سے سنا وہ کہتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اور زبیر بن عوام کو اور مقداد کو بھیجا فرمایا کہ جاؤ یہاں تک کہ جب (مقام) روضہ خاخ میں پہنچو تو وہاں ایک بڑھیا ملے گی اس کے پاس ایک خط ہے اس خط کو اس سے لے کر میرے پاس لے آؤ۔

چنانچہ ہم بہت تیزی کے ساتھ گھوڑوں کو دوڑاتے ہوئے چلے یہاں تک کہ اس مقام میں پہنچ گئے وہ بڑھیا ہمیں ملی ہم نے کہا کہ خط نکال اس نے کہا میرے پاس کوئی خط نہیں ہے ہم لوگوں نے کہا کہ تجھے یقیناً خط نکالنا ہوگا۔ ورنہ ہم تجھے برہنہ کریں گے۔ حضرت علی ؓ کہتے تھے یہ سن کے اس نے اپنے جوڑے سے خط نکالا ہم وہ خط رسول اللہؐ کے پاس لے آئے اس خط میں حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے چند مشرکین مکہ کے نام تحریر تھے۔ حاطب بن ابی بلتعہ نے انہیں نبیؐ کے بعض معاملات کی خبر دی تھی حضرت نے فرمایا کہ اے حاطب یہ کیا بات تھی حاطب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ میرے معاملہ میں عجلت نہ فرمایئے۔ (اصل بات یہ ہے کہ) میں ایک شخص ہوں کہ قریش میں مل گیا ہوں درحقیقت قریش سے نہیں ہوں اور آپ کے ساتھ جو اور مہاجرین ہیں مکہ میں ان کی قرابتیں ہیں جن کی وجہ سے اپنے گھر والوں کی اور مال کی (جو مکہ میں ہے) حفاظت کرتے ہیں پس جبکہ ان میں میری کوئی رشتہ داری نہیں ہے تو میں نے یہ چاہا کہ میں کچھ احسان ان پر کروں جس کی وجہ سے وہ میرے اعزہ کی (جو مکہ میں ہیں) حفاظت کریں (اسی غرض سے میں نے یہ خط لکھا تھا) میں نے کفر کی وجہ سے یا اپنے دین سے پھر کر یا کفر سے راضی ہو کر یہ کام نہیں کیا۔

پس رسول اللہؐ نے فرمایا کہ یہ سچ کہتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ (حکم ہو تو) اس منافق کی گردن ماردوں رسول اللہؐ نے فرمایا (نہیں یہ غزوۂ بدر میں شریک ہو چکے ہیں اور اللہ اہل بدر کے حال سے مطلع ہے لہٰذا اس نے فرما دیا ہے اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم ''تم جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا۔۱۲'' حضرت علی ؓ کہتے ہیں کہ انہیں کے حق میں یہ سورت نازل ہوئی یا ایھا الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی وعدو کم اولیاء تلقون الیھم بالمودۃ اس حدیث کو ابوعبدالرحمٰن سلمی نے حضرت علیؓ سے روایت کیا ہے اس خط کا واقعہ یوں ہے کہ نبی نے جب سال فتح مکہ میں مکہ جہاد کا ارادہ فرمایا تو اللہ سے دعا کی کہ کفار قریش کو اس کی اطلاع نہ ہونے پائے حاطب نے انہیں رسول اللہؐ کے ارادہ جہاد سے خبردار کرنے کے لئے یہ خط لکھا پس اللہ نے اپنے رسول کو اس سے آگاہ کردیا چنانچہ آپ نے حضرت علیؓ کو اور زبیر کو بھیجا اور اس کا یہی واقعہ ہوا

[1] مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں۔ جس سے اس کا مالک یہ کہہ دے کہ تم اس قدر روپیہ مجھے دے دو تو آزاد ہو جاؤ گے یہ معاملہ بذریعہ تحریر و کتابت کے ہوا کرتا تھا۔ جو روپیہ غلام دیتا اس کو بدل کتابت کہتے تھے۔

او بھائی قرآن نے لحاظ نہیں کس نبی یا صحابی کا، یہ شرک ہے۔ صرف گالیاں دینا بے ادبی گستاخی جو کرتا ہے اس کے منہ پر لعنت ہے۔ سمجھنے کی کوشش کرو کہ غلط کام اللہ کو نہیں پسند !! اس کا نتیجہ نہیں ٹھیک۔

اس لئے یہ بات کہ غلطیوں کا بیان قرآن و حدیث کے اندر بیان ہوا اور جو اسے برا سمجھتا ہے یہ اس کی اپنی نالائقی ہے یہ، برا نہیں ہے۔

دوسری بات جو قرآن نے کہی ہے کہ بعض نبیوں کو ہم نے دوسرے نبیوں پر فضیلت دی ہے۔ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ سورہ بقرہ ۲۵۳ ہیں سارے خدا کے رسول۔، مگر ان کے درجوں میں فرق ہے۔

اسی طرح خلیفوں میں، کہ دو خلیفے پہلے جن کی خلافت شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے اپنی کتاب منصب امامت۔ دیکھیے صفحہ ۱۹ میں لکھا خلافت محفوظہ، یہ قدرتی فرق ہے جس طرح اللہ کے رسولوں میں فرق ہے، کہ عمرؓ اور ابو بکرؓ جیسے کوئی نہیں پیدا نہیں ہوا ، سیدھی بات ہے ان کے جیسے حکومت کسی نہیں کی، خلافت راشدہ ہے اور محفوظہ، بالکل ٹھیک ہے اور صحیح ہے خلل نہیں پڑا۔

دوسری دونوں خلافتیں اس میں ایک خلیفہ بالکل ٹھیک ہے اس نے کوشش کی سردے کے فتنے کو روکنا مگر کام خراب ہو چکا تھا، مگر یہ دور خلافت مفتونہ ہے، فتنہ پیدا ہو گیا خرابی پیدا ہو گئی وہ نہیں رہا جیسے پہلی دو خلافتوں میں تھا۔

خلافت محفوظہ اور خلافت مفتونہ : منصب امامت شاہ اسمٰعیل شہیدؒ المتوفی ۱۸۳۱ء

منصبِ امامت

شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

(۱) خلافت مُنتظمہ کی قسمیں یا خلافت محفوظہ خلافتِ مُنتظمہ کا انتظام کبھی کمال تک پہنچ جاتا ہے جس کی وجہ خلیفہ راشد کا اپنی خلافت کے زمانے میں مسلّم ہونا اور خاص و عام میں اس کی عزّت ہونا ہے۔ کسی کو اس کے تسلّط سے رنج و ملال نہیں پہنچتا اور نہ کسی کو اس کی لیاقت میں کلام ہوتا ہے۔ ہم اسے خلافت محفوظ کہیں گے۔

(۲) خلافت مفتونہ اور کبھی اہل زمانہ خلیفۂ راشد کے تسلّط سے رنج اُٹھاتے اور اس پر طعن و ملامت کی زبان دراز کر دیتے ہیں لیکن حفاظتِ ربانی اور تائیدِ آسمانی کے باعث ان کی ردّ و قدح بغاوت اور خروج تک نہیں پہنچتی۔ اور ان کا ملال قلبی خلعِ بیعت کی نوبت نہیں لاتا۔ اور خلافت

کا انتظام بظاہر خلیفۂ راشد کے حسب مرضی چلتا ہے اگرچہ اس کے احکام بعض اہل زمانہ کے دلوں پر شاق گزریں۔ اِسے ہم خلافتِ مفتونہ کہتے ہیں۔

پس خلافت مُنتظمہ بھی دو قسم پر مُنقسم ہوئی۔ محفوظہ مثلِ خلافتِ شیخین اور مفتونہ مثلِ خلافتِ ذوالنورینؓ۔

خلافت محفوظہ ایک نعمت عظمٰی ہے پس خلافتِ محفوظہ تمام بنی نوع اِنسان بلکہ تمام جہان کے حق میں ایک نعمتِ عظمٰی اور غنیمتِ کبریٰ ہے۔ پس خلافتِ راشدہ اس صورت میں وجودِ خلیفۂ راشد کے اعتبار سے بھی، ظاہراً انتظامِ اہل اُمّت و ملّت کے اعتبار سے بھی اور تمام اہلِ زمانہ کی رضامندی، یقین اور اطمینان کے باعث بھی ہر طرح محقق ہے۔ لیکن خلافتِ مفتونہ اگرچہ خلیفۂ راشد کے وجود کے اعتبار سے انتظام ظاہری کے لحاظ سے موجود ہے لیکن باعتبار عدم اطمینان قلبی حُکماً مفقود ہے۔ اِسی بنا پر بعض احادیث میں اتمام خلافت کے بارے میں ایک اشارہ حضرت فاروقؓ کی طرف ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

بینا انا نائم رایتنی فی قلیب علیھا دلو فنزعت منھا ما شاء اللہ ثم اخذھا ابن ابی قحافۃ فنزع منھا ذنوبا او ذنوبین وفی نزعہ ضعف واللہ یغفر لہ ضعفہ ثم اخذھا ابن الخطاب من ید ابی بکر فاستحالت فی یدہ غربا فلم ار عبقریا یفری فریہ حتی	سوتے ہوئے مَیں نے دیکھا کہ ایک کنوئیں میں ڈول پڑا ہے اِسے مَیں نے کھینچا۔ جب تک اللہ نے چاہا۔ پھر مجھ سے ابوبکرؓ نے لے لیا۔ پس اُس نے ایک یا دو ڈول کھینچے اور اس کے کھینچنے میں ضُعف تھا اللہ اُس کے حال پر رحم کرے۔ پھر اس سے عمرؓ نے لے لیا اور اس کے ہاتھ

اور یہ سب کچھ اللہ نے رسول ﷺ کو بتائی ہے اور حضور نے بیاں فرمایا ہے۔ جن کے اندر حوصلہ نہیں، سننا نہیں چاہتے وہ یہی ہے بھاگ جاؤ ان کہ روش بالکل کبوتر بلی کو دیکھ کر انکھیں بند کر دے۔ یہ کوئی بات نہیں ہے حقائق کا سامنا کرو!! پڑھو!! ٹھیک ہے لوگوں نے اس کے اندر جھوٹ بہت ڈالا ہے۔ مگر چھان بین کر کے، صحیح احادیث، پرکھ کہ، تاکہ آدمی کوئی غلط بات نہ کہے، بڑا نازک معاملہ ہے۔

اس لئے جس طرح نبیوں اور رسولوں میں فرق ہے، اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا عمرؓ کے بعد فتنے کا دروازہ کھلنے والا ہے - دیکھیے صفحہ ۲۱، ایک دروازہ ہے بڑا بند، ایک بہت عظیم شخصیت ہے جس کی وجہ سے فتنے روکے ہیں، ایڈمنسٹریٹر تھے۔

حضرت عمرؓ فتنے کے سامنے دروازہ: صحیح بخاری

تَسْعَى بِزِينَتِهَا لِكُلِّ جَهُولِ — دیکھ کر ناداں اسے ہوتے ہیں عاشق اور دنگ
حَتَّى إِذَا اشْتَعَلَتْ وَشَبَّ ضِرَامُهَا — جبکہ بھڑکے شعلے اس کے پھیل جائیں ہر طرف
وَلَّتْ عَجُوزًا غَيْرَ ذَاتِ حَلِيلِ — تب وہ ہو جاتی ہے بوڑھی اور بدل جاتی ہے رنگ
شَمْطَاءَ يُنْكَرُ لَوْنُهَا وَتَغَيَّرَتْ — ایسی بدصورت کو رکھے کون چونڈا ہے سفید
مَكْرُوهَةً لِلشَّمِّ وَالتَّقْبِيلِ — سونگھنے اور چومنے سے اس کے سب ہوتے ہیں تنگ

امراء القیس کے اشعار کا مندرجہ بالا منظوم ترجمہ مولانا وحید الزمان نے کیا ہے۔ جبکہ نثر میں ترجمہ اس طرح ہے۔ "اول مرحلہ پر جنگ ایک نوجوان لڑکی معلوم ہوتی ہے جو ہر نادان کے بہکانے کے لیے اپنی زیب و زینت کے ساتھ دوڑتی ہے۔ یہاں تک کہ جب لڑائی بھڑک اٹھتی ہے اور اس کے شعلے بلند ہونے لگتے ہیں تو ایک رانڈ بیوہ بڑھیا کی طرح پیٹھ پھیرلیتی ہے' جس کے بالوں میں سیاہی کے ساتھ سفیدی کی ملاوٹ ہو گئی ہو اور اس کے رنگ کو ناپسند کیا جاتا ہو اور وہ اس طرح بدل گئی ہو کہ اس سے بوس و کنار کو ناپسند کیا جاتا ہو۔"

٧٠٩٦- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، حَدَّثَنَا شَقِيقٌ سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ يَقُولُ: بَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ عِنْدَ عُمَرَ إِذْ قَالَ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ قَوْلَ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ، تُكَفِّرُهَا الصَّلاَةُ وَالصَّدَقَةُ وَالأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ. قَالَ: لَيْسَ عَنْ هَذَا أَسْأَلُكَ وَلَكِنِ الَّتِي تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ؟ قَالَ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا بَأْسٌ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا قَالَ عُمَرُ: أَيُكْسَرُ الْبَابُ أَمْ يُفْتَحُ؟ قَالَ: بَلْ يُكْسَرُ قَالَ عُمَرُ: إِذَنْ لاَ يُغْلَقَ أَبَدًا قُلْتُ: أَجَلْ. قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ: أَكَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ الْبَابَ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَمَا أَعْلَمُ أَنَّ دُونَ غَدٍ لَيْلَةً، وَذَلِكَ أَنِّي حَدَّثْتُهُ حَدِيثًا لَيْسَ بِالأَغَالِيطِ فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَهُ مَنِ الْبَابُ

(٧٠٩٦) ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے بیان کیا' کہا ہم سے ہمارے والد نے بیان کیا' کہا ہم سے اعمش نے بیان کیا' ان سے شقیق نے بیان کیا' انہوں نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے سنا' انہوں نے بیان کیا کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ انہوں نے پوچھا تم میں سے کسے فتنہ کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان یاد ہے؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ انسان کا فتنہ (آزمائش) اس کی بیوی' اس کے مال' اس کے بچے اور پڑوسی کے معاملات میں ہوتا ہے۔ جس کا کفارہ نماز' صدقہ' امربالمعروف اور نہی عن المنکر کر دیتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں اس کے متعلق نہیں پوچھتا بلکہ اس فتنہ کے بارے میں پوچھتا ہوں جو دریا کی طرح ٹھاٹھیں مارے گا۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ امیرالمؤمنین تم پر اس کا کوئی خطرہ نہیں اس کے اور تمہارے درمیان ایک بند دروازہ رکاوٹ ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کیا وہ دروازہ توڑ دیا جائے گا یا کھولا جائے گا؟ بیان کیا کہ توڑ دیا جائے گا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر کہا کہ پھر تو وہ کبھی بند نہ ہو سکے گا۔ میں نے کہا جی ہاں۔ ہم نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا عمر رضی اللہ عنہ اس دروازہ کے متعلق جانتے تھے؟ فرمایا کہ ہاں' جس طرح میں جانتا ہوں کہ کل سے پہلے رات آئے گی کیونکہ میں نے ایسی بات بیان کی تھی جو بے بنیاد نہیں تھی۔ ہمیں ان سے یہ

فَأَمَرْنَا مَسْرُوقًا فَسَأَلَهُ فَقَالَ: مَنِ الْبَابُ قَالَ: عُمَرُ.

[راجع: ٥٢٥]

پوچھتے ہوئے ڈر لگا کہ وہ دروازہ کون تھے۔ چنانچہ ہم نے مسروق سے کہا (کہ وہ پوچھیں) جب انہوں نے پوچھا کہ وہ دروازہ کون تھے؟ تو انہوں نے کہا کہ وہ دروازہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔

تشریح: توڑے جانے سے ان کی شہادت ... تمام آفتوں اور بلاؤں کی روک ... آفت ایک ایک مصیبت۔ اگر حضرت عمرؓ ... ایک سمجھتے ہیں' پیغمبروں اور آسمانی کتابوں ... دشمنان صحابہ و اہل بیت کی کچھ دال گلنے پا ... دے جو اسلام کا جھنڈا از سرنو بلند کرے اور ...

صحیح بخاری

جلد ہشتم

حضرت مولانا محمد داؤد راز

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

٧٠٩٧- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي ... أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شَرِ... عَبْدِ اللهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ... أَبِي مُوسَى الأَشْعَرِيِّ قَالَ: خَرَجَ ... صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى حَائِ... حَوَائِطِ الْمَدِينَةِ لِحَاجَتِهِ، وَخَرَجْ... إِثْرِهِ فَلَمَّا دَخَلَ الْحَائِطَ جَلَسْتُ عَ... وَقُلْتُ: لأَكُونَنَّ الْيَوْمَ بَوَّابَ النَّبِيِّ ﷺ ... يَأْمُرْنِي فَذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ ... وَقَضَى حَاجَتَهُ وَجَلَسَ عَلَى قُفِّ ... فَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلاَّهُمَا فِي ... فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْهِ لِيَدْخُلَ ... كَمَا أَنْتَ حَتَّى اسْتَأْذِنَ لَكَ فَوَقَفَ ... إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ ... بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْكَ فَقَالَ: ((ائْ... وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ)) فَدَخَلَ فَجَاءَ عَنْ ... النَّبِيِّ ﷺ فَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلاَّهُمَا فِي الْبِئْرِ فَجَاءَ عُمَرُ فَقُلْتُ: كَمَا أَنْتَ حَتَّى

آئے۔ میں نے کہا ٹھہرو میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے لوں (اور میں نے اندر جا کر آپؐ سے عرض کیا) آپؐ نے فرمایا ان کو بھی اجازت

بعد آئے حضرت عثمانؓ، ان کے نیک ہونے میں کوئی شبہ ؟ شروع میں اسلام لے آئے حبشہ کی طرف ہجرت کی، رسول اللہ ﷺ کے رشتہ دار کئ طرح سے، پھوپھی کی بیٹی کے بیٹے پھر دو بیٹیاں آپؐ کی دین واسطے قربانیاں مگر حضرت عمرؓ جیسی صلاحیتیں نہیں، یہ بالکل جس طرح رسولوں میں فرق ہے، ان میں بھی فرق ہے وہ قابلیت نہیں،۔ نیکی بڑی ہے، حکومت ہو گئی بڑی، عمر آپؓ کی ۸۰ سے زیادہ اور نرمی، اور اس بات کا حضرت عمرؓ کو پتہ تھا حوالہ فتح الباری اور عون المعبود شرح سنن ابی داؤد۔

حضرت عمرؓ نے جس وقت کمیٹی بنائی اس وقت کہا کہ آخر میں تمہارے اندر دو بندے رہ جائے گیں، علیؓ اور یہ عثمانؓ۔ ان کے اندر مقابلہ پڑنا ہے ۔حضرت عثمانؓ کے بارے میں فرمایا اگر یہ بنا فیہ لین ے دیکھئیے صفحہ ۳۲ ﴿ **فتح الباری شرح صحیح البخاری جلد ۷ صفحة ۸۳** ﴾ نیک ہے مگر اس کی طبیعت میں نرمی ہے حکومت سنبھالنے کے لئے بہت چاہئے سختی اور قوت، نہیں !! نرمی ! اس نرمی نے کام خراب کر دیا، وہی بات جس طرح رسولوں میں فرق ہے اسی طرح ان میں۔، اس کو کوئی نہیں جھٹلا سکتا اہل سنت کے بڑے بڑے اماموں نے کہا ہے بھئی سچی بات ہے حضرت عمرؓ کے بعد اس کے قابلیت کے بندے نہیں آئے کام نہیں سنبھالا گیا۔گناہ نہیں برائی نہیں بدنیتی لیکن وہ نہیں صلاحیت جو حضرت عمرؓ کے اندر تھی، جو حکم تھا کہ فتنے کے دروازے کھلیں گے وہ کھل گئے۔

حضرت عمرؓ کا نے فرمایا: عثمانؓ کے اندر نرمی ہے : فتح الباری شرح صحیح البخاری جلد ۷ صفحہ ۸۳

حضرت عمرؓ نے فرمایا: حضرت عثمانؓ کے اندر نرمی ہے اگر میرے بعد بنا

الحديث ٣٧٠٠   ٨٣

راض ، إلا أنه استثناه من أهل الشورى لقرابته منه ، وقد صرح بذلك المدايني بأسانيده قال « فقال عمر : لا أرب لى فى أموركم فأرغب فيها لأحد من أهلى » .

قوله (وقال : يشهدكم عبد الله بن عمر) ووقع فى رواية الطبرى من طريق المدايني بأسانيده قال « فقال له رجل : استخلف عبد الله بن عمر ، قال : والله ماأردتَ الله بهذا » وأخرج ابن سعد بسند صحيح من مرسل إبراهيم النخعى نحوه قال « فقال عمر : قاتلك الله ، والله ماأردت الله بهذا ، أستخلف من لم يحسن أن يطلق امرأته » .

قوله (كهيئة التعزية له) أى لابن عمر ، لأنه لما أخرجه من أهل الشورى فى الخلافة أراد جبر خاطره بأن جعله من أهل المشاورة فى ذلك . وزعم الكرمانى أن قوله « كهيئة التعزية له » من كلام الراوى لا من كلام عمر ، فلم أعرف من أين تهيأ له الجزم بذلك مع الاحتمال . وذكر المدايني أن عمر قال لهم « إذا اجتمع ثلاثة على رأى وثلاثة على رأى فحكموا عبد الله بن عمر ، فان لن ترضوا بحكمه فقدموا من معه عبد الرحمن بن عوف » .

قوله (فان أصابت الإمرة) بكسر الهمزة ، وللكشميهنى الإمارة (**سعدا**) يعنى ابن أبى وقاص ، وزاد المدايني « ومأأظن أن يلى هذا الأمر إلا علىّ أو عثمان فان ولى عثمان فرجل فيه لين ، وإن ولى علىّ فستختلف عليه الناس ، وإن ولى سعد وإلا فليستعن به الوالى » . ثم قال ...
خمسين رجلا من الأنصار ، واستحث هؤلاء الرهط ...

قوله (وقال : أوصى الخليفة من بعدى) فى ر...
وعثمان وعبد الرحمن وسعدا والزبير ، وكان طلحة غائبا ...
لعل هؤلاء القوم يعلمون لك حقك وقرابتك من رسو...
والعلم فإن وليت هذا الأمر فاتق الله فيه » . ثم دعا ع...
إسرائيل عن أبى إسحق فى قصة عثمان « فإن ولّوك ...
الناس » ثم قال « ادعوا لى صهيباً » فدعى له فقال ...
اجتمعوا على رجل فمن خالف فاضربوا عنقه » . فل...
الطريق . فقال له ابنه : مايمنعك ياأمير المؤمنين منه ؟ ...
على فوائد عديدة ، وله شاهد من حديث ابن عمر ...
عمر ، فنظر إليهم فقال : إنى قد نظرت فى أمر الناس ...
الأمر إليكم ــ وكان طلحة يومئذ غائبا فى أمواله ــ قا...
ابن عوف وعثمان وعلى فمن ولى منكم فلا يحمل قرابته ...
فإن حدث لى حدث فليصل لكم صهيب ثلاثاً فمن ...

اور فضائل کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے حضرت علیؓ کی کیا شان ہے حضرت عثمانؓ کی ، وہ اپنی جگہ پر ہے انہیں جھٹلا نہیں سکتے وہ صحیح حدیثیں ہے، مگر اس کا کوئی یہ مفہوم نہیں کہ غلطی نہیں ہو سکتی ، یہ معنٰی لے لیا جائے تو پھر انبیاء کا کیا کریں گے ، انبیاء کے جو فضائل ہیں صحابہ کرام کے ان کے برابر ہیں؟ ان کی غلطیاں ؟ کیوں بات کو الٹ کر دیتے ہو؟ شان اپنی جگہ پر رہنے دو جنتی سمجھو احترام کرو شہید مانو مگر حکومت کا نظام خراب ہو گیا۔

اس کے لئے رسول اللہ ﷺ کو کیسے رب نے دکھا دیا کہ کام ہو جانا خراب ۔ یہ عون المعبود ہے بخاری شریف میں بھی حدیث موجود ہے مگر میں نے عون المعبود نکالی سنن ابو داؤد - دیکھئے صفحہ ۲۶ تا ۳۰ کی شرح ہے کہ اس کے نیچے اہل حدیث عالم نے شرح کی ہے۔ اس کو پڑھا جائے کہ کیسے حضور ﷺ کو رب نے سب کچھ بتا یا کہ کیا ہونا ہے؟

نبی علیہ السلام بیٹھے ہیں حضور ﷺ کا طریقہ ہوتا تھا ہر بندے سے صبح سویرے پوچھتے تھے کہ کوئی خواب دیکھا ہے؟ کبھی کبھی اپنے بھی سناتے تھے ۔ تو ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میں نے رات دیکھا کہ ایک شامیانہ ہے اور اوپر سے شہد اور گھی ٹپک رہا ہے اور لوگ جو ہیں بھر بھر کے لے رہے ہیں کوئی زیادہ لے رہا کوئی تھوڑا ، اور میں نے دیکھا ہے کہ ایک رسہ ہے جو آسمان سے لٹکا ہے تو حضور آپ نے پکڑا اور چڑھ گئے ،، پھر دوسرے نے پکڑا اور چڑھ گیا ، پھر تیسرے نے پکڑا اور چڑھ گیا ، چوتھے نے جس وقت پکڑا تو رسہ ٹوٹ گیا ، بعد میں جڑ گیا۔

حضرت ابو بکرؓ نے فرمایا یا رسول اللہ ﷺ میں اس کی تشریح کروں؟ آپؐ نے فرمایا کر! انہوں نے اپنے خیال کے مطابق تشریح کی کہ وہ شامیانہ اسلام ہے گھی اور شہد قرآن ہے جتنا جتنا کسی کی قسمت ، اور جو یہ رسہ لٹکا ہے یہ حق ہے جس پر آپؐ ہیں ، پھر چڑھ جانا آپؐ نے ، تیسری بار رسہ ٹوٹ گیا ، اس کی تشریح میں کیا کہا؟ فتح الباری پڑھو !! رسہ کیوں ٹوٹ گیا؟؟؟؟؟ غلطی مانوں!!! بالکل حضرت عثمانؓ کے ساتھ بعد جو کچھ ہوا زیادتی ہے ، کوئی ان کو قتل کا جواز نہیں بنتا ایسا کوئی جرم دین کے مطابق انہوں نہیں کیا کہ ان کو شہید کیا جائے وہ اپنی جگہ پہ ظلم ہے۔ مگر کام خراب کیوں ہوا؟ رسہ ٹوٹ گیا ، رسول اللہ نے پکڑا چڑھ گئے ابو بکرؓ نے پکڑا چڑھ گئے عمرؓ نے پکڑا چڑھ گئے ان کی باری میں رسہ ٹوٹ گیا۔

تو فرمایا تیسرا جو نسا بندہ ہے ثم يأخذ به رجل آخر فينقطع ، اس کی تشریح میں ابن حجرؒ بھی لکھتے ہیں يعني أن عثمان كاد أن ينقطع

عن اللحاق بصاحبيه بسبب ما وقع له من تلك القضايا التي أنكروها یہ سارے شیخ الحدیث سے پوچھو کہ تاریخ نہیں حدیث پڑھانی ہے ، اس کی آپ نے شرح کرنی ہے کہ رسہ کیوں ٹوٹ گیا؟

فرمایا وہ رسہ جو ہے ٹوٹ گیا اس وجہ سے کہ قریب تھا حضرت عثمانؓ اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ جا کے نہ ملتے ، کام اتنے غلط اتنے ہو گئے کہ ابو بکرؓ و عمرؓ سے ہٹ کر چلے رہے تھے ، کیسے؟

بسبب ما وقع له من تلك القضايا التي أنكروها

جو کام ان سے ہو گئے نا وہ ایسے تھے کہ امت ان سے ناراض ہو گئی ، ایک علاقہ نہیں پوری مسلمان دنیا چیخ اٹھی ، کہ ابو بکرؓ و عمرؓ کا کیسا تھا اور حضرت عثمانؓ نے کیا شروع کر دیا۔ مصر اٹھ گیا عراق اٹھ گیا ساری دنیا سے لوگ آ گئے ، کہ کیا جائے ؟

فرمایا وہ کام جو حضرت عثمانؓ کے غلط سمجھے گئے اس کی وجہ سے قریب تھا کہ رسہ ٹوٹ گیا ، یہ ان سے بچھڑ گئے۔

مگر پھر فعبر عنها بانقطاع الحبل اسے بتایا گیا حدیث پاک نے رسے کا ٹوٹنا کہ راہ چھوڑ گئے ہو جس پر پہلے چل رہے تھے حضور پاک ﷺ اور سارے۔ ثم وقعت له الشهادة مگر جڑ جانا ایسے نصیب ہو گیا ، اللہ اور رسول نے ۱۰ چیزیں بتائی ہیں ، اس کے ذریعے سے بندے کی غلطیاں معاف ہو جاتی ہیں ، دس ! ! وہ علامہ ابن تیمیہؒ نے ایک جگہ اکٹھی کر دیں آیتوں اور حدیثوں کے ساتھ ، اس لئے یہ بھی نادانی کہ آدمؑ سے غلطی ہو گئی تو نبی نہیں رہے ان کے خلاف بات کرنا بے وقوفی ہے۔ حضرت عثمانؓ سے اگر کچھ غلطیاں ہوئی ہیں تو دوسری طرح ان کے نیک عمل تھوڑے ہیں ؟ اور اس کے علاوہ کفارات پر مصائب ہے ، کہ بندے پر مصیبتیں جو پیش آجاتی ہیں یہ بھی ان غلطیوں پر ربڑ پھیر دیتا ہے۔ اللہ اس کے صدقے معاف کر دیتا ہے کہ یار اس کو دکھ بھی بہت پہنچا ہے۔

اس لئے ان کو شہادت جو نصیب ہو گئی ، دوسرے فریق نے بھی ظلم کیا قتل کی کوئی بنیاد نہیں تھی ، علماء فرماتے ہیں قتل کا کوئی سبب ہو ، کوئی مرتد ہو جائے کوئی شادی شدہ زانی زنا کرے یا کسی نے کسی کو قتل کیا ہو ، اس میں کونسا حضرت عثمانؓ نے کیا ؟ اگر حکومت کرنے میں غلطیاں تھیں تو مارنے کا کوئی جواز تھا ؟ وہ بھی دین کو چھوڑ گئے۔ اس لئے ان کو جو شہادت نصیب ہو گئی ثم وقعت له الشهادة پھر آپ کی شہادت ہو گئی

فاتصل فالتحق بهم قاله القسطلاني پھر وہ رسہ جڑ گیا اور آپؓ ان کے ساتھ جا ملے اس شہادت نے ان چیزوں پر پردہ ڈال دیا۔

یہ فتح الباری میں بھی تعبیر الرؤیا کا جو باب ہے یہ عون المعبود اور جدھر جدھر یہ حدیث پاک موجود ہے کہ رسہ حضور ﷺ نے پکڑا چڑھ گیا ابو بکرؓ نے پکڑا عمرؓ مگر حضرت عثمانؓ کی باری میں میں ٹوٹ گیا بعد جڑ گیا اس کی کی تشریح ساری پوچھ لو تو بات آجائے گی سامنے۔

حضرت عثمانؓ کے خلافت میں کمزوری کی طرف اشارہ

حضرت عثمانؓ کے خلافت میں کمزوری کی طرف اشارہ

ب سفیان ثوری رحمہ اللہ کہا کرتے تھے کہ
یعنی ابوبکرؓ عمرؓ عثمانؓ علی اور عمر بن

سُنن ابُو داوُد (اُردو)
www.KitaboSunnat.com
کتاب الطب (جلد چہارم) کتاب الأدب
تالیف
امام ابوداود سلیمان بن اشعث سجستانی رحمہ اللہ
ترجمہ و فوائد
فضیلۃ الشیخ ابو عمار عمر فاروق سعیدی حفظہ اللہ
تحقیق و تخریج
حافظ ابو طاہر زبیر علی زئی حفظہ اللہ
نظر ثانی و تہذیب
حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ
دار السلام

و تو صحیح معنوں میں قائم خلفاء یہ پانچ
ربعہ کے علاوہ عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ جو
یونکہ سلیمان بن الملک کی طرف سے
ن منتخب کرنے کا اختیار دیا۔ لوگوں نے
رین کی طرح معاملات حکومت بالکل
حضرت حسن رضی اللہ عنہ سات مہینے تک خلیفہ

ب:۸- خلفاء کا بیان

٤٦٣٢- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ: حدثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ - قَالَ مُحَمَّدٌ: كَتَبْتُهُ مِنْ كِتَابِهِ - قَالَ: أخبرنا مَعْمَرٌ عن الزُّهْرِيِّ، عن عُبَيْدِ الله بنِ عَبْدِ الله، عن ابنِ عَبَّاسٍ قال: كَانَ أبُو هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ أنَّ رَجُلًا أتَى إلَى رَسُولِ الله ﷺ فقَالَ: إنِّي أرَى اللَّيْلَةَ ظُلَّةً يَنْطِفُ مِنْهَا السَّمْنُ وَالْعَسَلُ فَأرَى النَّاسَ يَتَكَفَّفُونَ بأيْدِيهِمْ فالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَأرَى سَبَبًا وَاصِلًا

۴۶۳۲- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا اور کہا: میں نے آج رات خواب میں دیکھا ہے کہ ایک بادل سے گھی اور شہد ٹپک رہا ہے۔ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اپنی ہتھیلیاں پھیلائے ہوئے تھے تو کچھ نے ان سے خوب خوب لیا اور کچھ نے کم لیا۔ اور میں نے ایک رسی دیکھی جو آسمان سے زمین تک لگی ہوئی ہے اے اللہ کے رسول! آپ کو دیکھا کہ آپ نے اس کو پکڑا ہے اور اوپر چڑھ گئے ہیں۔ پھر ایک

٤٦٣١ـ تخريج: [إسناده ضعيف] ٭ عباد السماك مجهول (تقريب).
٤٦٣٢ـ تخريج: [صحيح] تقدم، ح: ٣٢٦٨، وأخرجه مسلم، الرؤيا، باب في تأويل الرؤيا، ح: ٢٢٦٩ من حديث عبدالرزاق، والبخاري، التعبير، باب من لم ير الرؤيا لأول عابر إذا لم يصب، ح: ٧٠٤٦ من حديث الزهري به.

